سوال

بیٹے کا اپنے والد کی ربیبہ سے شادی کرنا

جواب

الحمد للہ.

آپ کی سوتیلی والدہ کی پہلے خاوند سے جو بیٹی ہے اسے آپ کے والد کی ربیبہ کہا جائے گا، اس لڑکی کی والدہ سے جب آپ کے والد نے شادی کرلی اور دخول کرلیا تو یہ لڑکی صرف آپ کے والد پر حرام ہوگی، چاہے اس نے اس لڑکی کی پرورش کی ہو یا پھر بڑی عمر کی ہو اور آپ کے والد نے اس کی پرورش نہ کی ہو

سلف اور خلف میں سے جمہور علماء کرام اور آئمہ اربعہ کا مسلک یہی ہے، اور اللہ تعالی نے جب حرام کردہ عورتوں کا ذکر کیا تو فرمایا :

م کی گئیں تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری لڑکیاں اور تمہاری بہنیں، تمہاری پھوپھیاں، اور تمہاری خالائیں اور بھائی کی لڑکیاں اور بہن کی لڑکیاں، اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا ہو اور تمہاری دودھ شریک بہنیں، اور تمہاری ساس، اور تمہاری وہ پرورش کردہ لڑکیاں جو تمہاری گود میں ہیں تمہاری ا

اور آپ کی متعلق یہ ہے کہ ربیبہ آپ پر حرام نہیں کیونکہ وہ آپ کے والد کی بیوی کی وہ بیٹی ہے جو اس کے پہلے خاوند سے ہے اور آپ سے اس کا کوئی تعلق نہیں اس لیے آپ اس سے بغیر کسی حرج کے شادی کرسکتے ہیں۔

مستقل فتوی کمیٹی (اللجنۃ الدائمۃ) سے والد کی بیوی کی بیٹی سے شادی کے بارہ میں سوال کیا گیا تو اس نے جواب دیا :

مذکورہ بچے کے لیے اس لڑکی سے شادی کرنا جائز ہے اگرچہ اس کے والد نے لڑکی کی والدہ سے شادی بھی کی ہو۔

اللہ تعالی کا فرمان ہے :

راس کے علاوہ باقی عورتیں تمہارے لیے حلال ہیں النساء (24)۔

مذکورہ لڑکی ان عورتوں میں شامل نہیں جو اس سے پہلی آیت میں بالنص ذکر کی گئی ہیں اور نہ ہی اس کا سنت نبویہ کوئی ذکر ملتا ہے۔ اھ

ۃ (600/2)۔

واللہ اعلم.

اسلام سوال وجواب

33711